Pearson Edexcel GCE

# Urdu

## Advanced Subsidiary
## Unit 1: Spoken Expression and Response in Urdu
## (Teacher/Examiner Version)

Summer 2017

**Time: 8–10 minutes**

Paper Reference

**6UR01**

**You do not need any other materials.**

*Turn over* ▶



©2017 Pearson Education Ltd.

1/1/1/1/1/1/



Pearson

## Instructions to teacher/examiner

- Candidates must be allowed 15 minutes' preparation time.
- The preparation time must be immediately prior to the examination.
- The preparation time must be used to study the stimulus.
- Candidates can make notes. This can be up to a maximum of one side of A4.
- Candidates may refer to their notes and the stimulus during the test.
- Candidates must not write on the stimuli.
- Candidates must not have access to a dictionary, or any other resource, during the preparation time.
- Any notes made during the preparation time must be kept by the centre until the release of results.
- The 4 set questions in Section A must be asked by the teacher/examiner as they are presented. Questions may be repeated, but rephrasing is prohibited. **No** supplementary questions may be asked.
- Section B involves a discussion that moves away from the main focus of the stimulus, but is still related to the chosen topic area.

## Sequence of oral tests

- To avoid duplication of stimuli, candidates must be given the cards in the sequence and combination prescribed below. Refer first to the candidate column and then go across to the candidate's chosen general topic area. **For example, for the fourth candidate of the day, refer to row 4. If their chosen general topic area is 'The world around us', they must be allocated stimulus 2 card S2A.**
- If you conduct more than 15 tests in a day e.g. in the morning, afternoon and evening sessions, after the 15th candidate start at the beginning of the sequence again.
- If you are conducting tests on more than one day, start each new day at the beginning of the sequence.

| | **Stimulus** | | | |
|---|---|---|---|---|
| Candidate | Youth culture & concerns | Lifestyle, health and fitness | The world around us | Education and employment |
| 1 | S1A | S2A | S2A | S1A |
| 2 | S2B | S1B | S2B | S1B |
| 3 | S2A | S1A | S1A | S2A |
| 4 | S1B | S2B | S2A | S1A |
| 5 | S2B | S1B | S1B | S2B |
| 6 | S1A | S2A | S1A | S2A |
| 7 | S2A | S2B | S2B | S1B |
| 8 | S2B | S1A | S1B | S2B |
| 9 | S1B | S2A | S2A | S1A |
| 10 | S1A | S1B | S2B | S1B |
| 11 | S2B | S1A | S1A | S2A |
| 12 | S1A | S2B | S2A | S2B |
| 13 | S2A | S1B | S1B | S1A |
| 14 | S2B | S2A | S1A | S2A |
| 15 | S1B | S2B | S2B | S1B |

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: YOUTH CULTURE & CONCERNS**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1A**

# موسیقی اور ذہنی صلاحیت



ماہرین کا کہنا ہے کہ کسی بھی شخص کے سوچنے کی صلاحیت کا اندازہ اس کی پسندیدہ موسیقی سے لگایا جا سکتا ہے۔ اُن کے خیال میں دو طرح کے لوگ ہوتے ہیں۔ ایک تو وہ جو نظم و ضبط پر عمل کرتے ہیں اور دوسرے وہ جو ہمدرد ہوتے ہیں۔ ماہرین کے مطابق ہمدرد لوگ دوسروں کے جذبات اور احساسات کے بارے میں بہت محتاط ہوتے ہیں اور وہ ان میں دلچسپی بھی لیتے ہیں۔ یہ لوگ ہلکی قسم کی موسیقی سننے کے زیادہ شوقین ہوتے ہیں جبکہ نظم وضبط پر عمل کرنے والے لوگ تیز قسم کی موسیقی سننا زیادہ پسند کرتے ہیں۔

1 عبارت کے مطابق ماہرین کا کیا کہنا ہے؟

2 عبارت کے مطابق ہمدرد لوگ کس طرح کے ہوتے ہیں؟

3 اسکول میں موسیقی سننے کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 شادی کی تقریب میں موسیقی پر پیسہ خرچ کرنا مناسب ہے یا نہیں اور کیوں؟ تفصیل سے بتائیے۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: YOUTH CULTURE & CONCERNS**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1B**

# موسیقی اور ذہنی صلاحیت



ماہرین کا کہنا ہے کہ کسی بھی شخص کے سوچنے کی صلاحیت کا اندازہ اس کی پسندیدہ موسیقی سے لگایا جا سکتا ہے۔ اُن کے خیال میں دو طرح کے لوگ ہوتے ہیں۔ ایک تو وہ جو نظم و ضبط پر عمل کرتے ہیں اور دوسرے وہ جو ہمدرد ہوتے ہیں۔ ماہرین کے مطابق ہمدرد لوگ دوسروں کے جذبات اور احساسات کے بارے میں بہت محتاط ہوتے ہیں اور وہ ان میں دلچسپی بھی لیتے ہیں۔ یہ لوگ ہلکی قسم کی موسیقی سننے کے زیاد ہ شوقین ہوتے ہیں جبکہ نظم وضبط پر عمل کرنے والے لوگ تیز قسم کی موسیقی سننا زیادہ پسند کرتے ہیں۔

1 عبارت کے مطابق ماہرین کا کیا کہنا ہے؟

2 عبارت کے مطابق ہمدرد لوگ کس طرح کے ہوتے ہیں؟

3 آپ کس قسم کی موسیقی سننا پسند کرتے ہیں اور کیوں؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 آپ کے خیال میں فلموں میں گانوں کی کیا اہمیت ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: YOUTH CULTURE & CONCERNS**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2A**

# سوشل میڈیا کا استعمال



آج کل کے نوجوان سوشل میڈیا بہت زیادہ استعمال کرتے ہیں کیونکہ اس سے انہیں ہر قسم کی معلومات مل جاتی ہیں لیکن انہیں اس بات کا علم نہیں ہوتا کہ یہ معلومات کس حد تک درست ہیں۔ کچھ نوجوان اپنے روز مرہ کے معاملات دوسروں کو بتانے کے لیے سوشل میڈیا کا استعمال کرتے ہیں جو کہ بہت نقصان دہ ہے۔ اس سے اُن کی زندگی پر برا اثر پڑ سکتا ہے۔ ایک سروے کے مطابق آج کل زیادہ تر گھریلو جھگڑوں کا باعث یہی سوشل میڈیا ہے لہذا اس کا استعمال بہت سوچ سمجھ کر کرنا چاہیے۔

1 عبارت کے مطابق نوجوان سوشل میڈیا کیوں استعمال کرتے ہیں؟

2 سروے کے مطابق سوشل میڈیا کا کیا نقصان ہے؟

3 کیا اساتذہ اور طلبا کو ایک دوسرے کے ساتھ سوشل میڈیا پر رابطہ رکھنا چاہیے یا نہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 کیا آپ کے خیال میں سوشل میڈیا نے زندگی آسان کردی ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: YOUTH CULTURE & CONCERNS**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2B**

# سوشل میڈیا کا استعمال



آج کل کے نوجوان سوشل میڈیا بہت زیادہ استعمال کرتے ہیں کیونکہ اس سے انہیں ہر قسم کی معلومات مل جاتی ہیں لیکن انہیں اس بات کا علم نہیں ہوتا کہ یہ معلومات کس حد تک درست ہیں۔ کچھ نوجوان اپنے روز مرہ کے معاملات دوسروں کو بتانے کے لیے سوشل میڈیا کا استعمال کرتے ہیں جو کہ بہت نقصان دہ ہے۔ اس سے اُن کی زندگی پر برا اثر پڑ سکتا ہے۔ ایک سروے کے مطابق آج کل زیادہ تر گھریلو جھگڑوں کا باعث یہی سوشل میڈیا ہے لہذا اس کا استعمال بہت سوچ سمجھ کر کرنا چاہیے۔

1 عبارت کے مطابق نوجوان سوشل میڈیا کیوں استعمال کرتے ہیں؟

2 سروے کے مطابق سوشل میڈیا کا کیا نقصان ہے؟

3 کیاسوشل میڈیا لوگوں کو ایک دوسرے کے قریب لانے کا مناسب ذریعہ ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 آپ کے خیال میں تعلیم حاصل کرنے کے لیے سوشل میڈیا کی کیا اہمیت ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: LIFESTYLE, HEALTH AND FITNESS**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1A**

# سگریٹ نوشی اور قانون



آج کل برطانیہ میں سگریٹ نوشی کا رجحان کم ہوتا جا رہا ہے۔ اس کی وجہ قانون میں ہونے والی سخت قسم کی تبدیلی ہے۔ یہاں کے قانون کے مطابق آجکل نہ تو سگریٹ کے اشتہارات دکھائے جا سکتے ہیں اور نہ ہی ان جگہوں پر سگریٹ نوشی کی جا سکتی ہے جہاں پر عوام موجود ہوں۔ مثلاً دفتروں، سنیماگھروں اور ریلوے اسٹیشنوں پر سگریٹ نوشی سختی سے منع ہے۔ حال ہی میں ایک نئے قانون کے مطابق وہ والدین جو گاڑی میں بچوں کے ہمراہ ہوں ان کو بھی سگریٹ نوشی کی اجازت نہیں ہے اور قانون توڑنے پر جرمانہ بھی ہو سکتا ہے۔

1 عبارت کے مطابق کس چیز کا رجحان کم ہوتا جا رہا ہے؟

2 عبارت کے مطابق والدین کو کس بات سے منع کیا گیا ہے؟

3 سگریٹ نوشی کے کیا نقصانات ہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 سگریٹ نوشی کو روکنے کے لیے اسکول کیا کردار ادا کر سکتے ہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔



P48933A

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: LIFESTYLE, HEALTH AND FITNESS**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1B**

## سگریٹ نوشی اور قانون



آج کل برطانیہ میں سگریٹ نوشی کا رجحان کم ہوتا جا رہا ہے۔ اس کی وجہ قانون میں ہونے والی سخت قسم کی تبدیلی ہے۔ یہاں کے قانون کے مطابق آجکل نہ تو سگریٹ کے اشتہارات دکھائے جا سکتے ہیں اور نہ ہی ان جگہوں پر سگریٹ نوشی کی جا سکتی ہے جہاں پر عوام موجود ہوں۔ مثلاً دفتروں، سنیماگھروں اور ریلوے اسٹیشنوں پر سگریٹ نوشی سختی سے منع ہے۔ حال ہی میں ایک نئے قانون کے مطابق وہ والدین جو گاڑی میں بچوں کے ہمراہ ہوں ان کو بھی سگریٹ نوشی کی اجازت نہیں ہے اور قانون توڑنے پر جرمانہ بھی ہو سکتا ہے۔

1 عبارت کے مطابق کس چیز کا رجحان کم ہوتا جا رہا ہے؟

2 عبارت کے مطابق والدین کو کس بات سے منع کیا گیا ہے؟

3 نوجوانوں میں سگریٹ نوشی کی عادت کیوں پڑتی ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 آپ اپنے دوست کو سگریٹ نوشی چھوڑنے کے لیے کیا مشورہ دیں گے؟ تفصیل سے بتائیے۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: LIFESTYLE, HEALTH AND FITNESS**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2A**

# شوگر کی بیماری



ڈاکٹروں کے مطابق برطانیہ میں شوگر کی بیماری کا امکان جنوبی ایشیا سے تعلق رکھنے والے لوگوں میں دوسرے لوگوں کے مقابلے میں چھ گنا زیادہ ہے۔ فکر کی بات یہ ہے کہ انہیں کم عمری میں ہی شوگر ہونے کا خطرہ ہوسکتا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ یہ لوگ جتنی جلدی ہو سکے اپنے ڈاکٹر سے مشورہ کریں اور خون کا ٹیسٹ کروائیں تاکہ وہ اس کی روک تھام کا بندوبست کر سکیں۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ بعض لوگ اپنی لاپرواہی کی وجہ سے ڈاکٹر سے رابطہ کرنے میں بہت دیر کر دیتے ہیں۔

1 عبارت کے مطابق کن لوگوں میں شوگر کی بیماری کا امکان زیادہ ہوتا ہے؟

2 عبارت کے مطابق ماہرین کا کیا کہنا ہے؟

3 آپ کے خیال میں صحت بخش غذا کیوں ضروری ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 غذا کے علاوہ تندرست رہنے کے لیے اور کیا کرنا چاہیے؟ تفصیل سے بتائیے۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: LIFESTYLE, HEALTH AND FITNESS**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2B**

# شوگر کی بیماری



ڈاکٹروں کے مطابق برطانیہ میں شوگر کی بیماری کا امکان جنوبی ایشیا سے تعلق رکھنے والے لوگوں میں دوسرے لوگوں کے مقابلے میں چھ گنا زیادہ ہے۔ فکر کی بات یہ ہے کہ انہیں کم عمری میں ہی شوگر ہونے کا خطرہ ہوسکتا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ یہ لوگ جتنی جلدی ہو سکے اپنے ڈاکٹر سے مشورہ کریں اور خون کا ٹیسٹ کروائیں تاکہ وہ اس کی روک تھام کا بند وبست کر سکیں۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ بعض لوگ اپنی لاپرواہی کی وجہ سے ڈاکٹر سے رابطہ کرنے میں بہت دیر کر دیتے ہیں۔

1 عبارت کے مطابق کن لوگوں میں شوگر کی بیماری کا امکان زیادہ ہوتا ہے؟

2 عبارت کے مطابق ماہرین کا کیا کہنا ہے؟

3 ٹیکنالوجی کے بڑھتے ہوئے استعمال کی وجہ سے انسانی صحت پر کیا اثرات پڑتے ہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 "احتیاط علاج سے بہتر ہے" اس بارے میں اپنی رائے کا اظہار تفصیل سے کیجیے۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: THE WORLD AROUND US**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1A**

# لندن سے نیویارک کا تیز ترین سفر



ہوائی جہاز بنانے والی ایک کمپنی نے اعلان کیا ہے کہ وہ ایک ایسا ہوائی جہاز بنا رہے ہیں جو ہوائی سفر کی دنیا میں ایک انقلاب برپا کردے گا۔ تقریباً دس سال پہلے دنیا کے سب سے تیز ہوائی جہاز کی رفتار آواز کی رفتار سے دوگنا زیادہ تھی۔ لیکن یہ نیا ہوائی جہاز آواز کی رفتار سے چار گنا زیادہ تیز پرواز کرے گا۔ کہا جاتا ہے کہ یہ ہوائی جہاز ایک لاکھ فٹ کی بلندی پر پرواز کرتے ہوئے لندن سے نیویارک کا سفر ایک گھنٹے میں طے کرے گا لیکن کرایہ زیادہ ہونے کی وجہ سے اس جہاز پر صرف امیر لوگ ہی سفر کر سکیں گے۔

1 عبارت کے مطابق ہوائی جہاز بنانے والی کمپنی نے کیا اعلان کیا ہے؟

2 عبارت کے مطابق نیو یارک کے سفر میں کتنی دیر لگے گی؟

3 آپ کی رائے میں سفر کرنے کا بہترین ذریعہ کون سا ہے اور کیوں؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 آپ کے خیال میں دوسرے ملکوں کی سیر کرنے کے کیا فائدے ہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: THE WORLD AROUND US**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1B**

# لندن سے نیویارک کا تیز ترین سفر



ہوائی جہاز بنانے والی ایک کمپنی نے اعلان کیا ہے کہ وہ ایک ایسا ہوائی جہاز بنا رہے ہیں جو ہوائی سفر کی دنیا میں ایک انقلاب برپا کردے گا۔ تقریباً دس سال پہلے دنیا کے سب سے تیز ہوائی جہاز کی رفتار آواز کی رفتار سے دوگنا زیادہ تھی۔ لیکن یہ نیا ہوائی جہاز آواز کی رفتار سے چار گنا زیادہ تیز پرواز کرے گا۔ کہا جاتا ہے کہ یہ ہوائی جہاز ایک لاکھ فٹ کی بلندی پر پرواز کرتے ہوئے لندن سے نیویارک کا سفر ایک گھنٹے میں طے کرے گا لیکن کرایہ زیادہ ہونے کی وجہ سے اس جہاز پر صرف امیر لوگ ہی سفر کر سکیں گے۔

1 عبارت کے مطابق ہوائی جہاز بنانے والی کمپنی نے کیا اعلان کیا ہے؟

2 عبارت کے مطابق نیو یارک کے سفر میں کتنی دیر لگے گی؟

3 کیا آپ کے خیال میں چھٹیاں گزارنے کے لیے ملک سے باہر جانا ضروری ہے یا نہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 آپ کو چھٹیاں گزارنے کے لیے کس قسم کا موسم زیادہ پسند ہے اور کیوں؟ تفصیل سے بتائیے۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: THE WORLD AROUND US**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2A**

# پانی صاف کرنے کا انوکھا طریقہ



غریب ممالک میں پینے کا صاف پانی حاصل کرنا ایک سنگین مسئلہ ہے۔ ہر سال لاکھوں لوگ گندا پانی پینے کی وجہ سے بیمار ہوجاتے ہیں۔ لیکن اب سائنسدانوں نے ایک ایسا آلہ ایجاد کیا ہے جو اس مسئلے کا فوری حل پیش کرتا ہے۔ یہ آلہ نہ صرف استعمال میں آسان ہے بلکہ سستا بھی ہے۔ دیکھنے میں یہ آلہ ایک کتاب کی شکل کا ہے جس کے صفحات ایک خاص کاغذ سے بنے ہوئے ہیں جو فلٹر کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔ یہ فلٹر پانی سے 99 فیصد جراثیم نکال دیتا ہے۔

1 عبارت کے مطابق غریب ملکوں میں کون سے مسئلے کا ذکر کیا گیا ہے؟

2 عبارت کے مطابق یہ آلہ دیکھنے میں کیسا لگتا ہے؟

3 آپ کی رائے میں ماحول کو صاف رکھنا کیوں ضروری ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 آپ کے خیال میں ری سائیکلنگ کے بارے میں اسکول کیا کر سکتے ہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔



P48933A

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: THE WORLD AROUND US**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2B**

# پانی صاف کرنے کا انوکھا طریقہ



غریب ممالک میں پینے کا صاف پانی حاصل کرنا ایک سنگین مسئلہ ہے۔ ہر سال لاکھوں لوگ گندا پانی پینے کی وجہ سے بیمار ہو جاتے ہیں۔ لیکن اب سائنسدانوں نے ایک ایسا آلہ ایجاد کیا ہے جو اس مسئلے کا فوری حل پیش کرتا ہے۔ یہ آلہ نہ صرف استعمال میں آسان ہے بلکہ سستا بھی ہے۔ دیکھنے میں یہ آلہ ایک کتاب کی شکل کا ہے جس کے صفحات ایک خاص کاغذ سے بنے ہوئے ہیں جو فلٹر کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔ یہ فلٹر پانی سے 99 فیصد جراثیم نکال دیتا ہے۔

1 عبارت کے مطابق غریب ملکوں میں کون سے مسئلے کا ذکر کیا گیا ہے؟

2 عبارت کے مطابق یہ آلہ دیکھنے میں کیسا لگتا ہے؟

3 آپ کی رائے میں کون سی چیزیں ماحول کو گندا کرتی ہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 آپ کے علاقے میں صفائی کے لیے کس قسم کی سہولتیں ہونی چاہئیں؟ تفصیل سے بتائیے۔


**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: EDUCATION & EMPLOYMENT**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1A**

# کتابیں پڑھنے کے فائدے



ایک سروے کے مطابق جو بچے لطف اندوز ہونے کے لیے کتابیں پڑھتے ہیں ان کے جذبات اور احساسات میں بہتری آتی ہے۔ عام طور پر یہ سمجھا جاتا ہے کہ مطالعہ یا تو سکون حاصل کرنے یا مشکلات سے بچنے کے لیے کیا جاتا ہے۔ اس سے ذہنی دباؤ اور پریشانی پیدا ہونے کا امکان بھی ختم ہوجاتا ہے۔ ایسے بچے مشکل حالات کا اچھے طریقے سے مقابلہ کرتے ہیں اور انہیں نیند بھی اچھی آتی ہے۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ بچوں اور بڑوں میں فارغ وقت میں مطالعہ کرنے سے ان کے تعلیمی نتائج میں بہتری آتی ہے۔

1 سروے کے مطابق لطف اندوز ہونے کے لیے کتابیں پڑھنے کا کیا فائدہ ہے؟
2 عبارت کے مطابق جو لوگ فارغ وقت میں کتابیں پڑھتے ہیں اس سے ان کی تعلیم پر کیا اثر پڑتا ہے؟
3 کیا چھٹیوں میں طالب علموں کو نصابی کتابیں پڑھنی چاہئیں یا نہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔
4 آج کل طالب علم کتابیں پڑھنے سے کیوں گھبراتے ہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔



P48933A


**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: EDUCATION & EMPLOYMENT**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1B**

# کتابیں پڑھنے کے فائدے



ایک سروے کے مطابق جو بچے لطف اندوز ہونے کے لیے کتابیں پڑھتے ہیں ان کے جذبات اور احساسات میں بہتری آتی ہے۔ عام طور پر یہ سمجھا جاتا ہے کہ مطالعہ یا تو سکون حاصل کرنے یا مشکلات سے بچنے کے لیے کیا جاتا ہے۔ اس سے ذہنی دباؤ اور پریشانی پیدا ہونے کا امکان بھی ختم ہوجاتا ہے۔ ایسے بچے مشکل حالات کا اچھے طریقے سے مقابلہ کرتے ہیں اور انہیں نیند بھی اچھی آتی ہے۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ بچوں اور بڑوں میں فارغ وقت میں مطالعہ کرنے سے ان کے تعلیمی نتائج میں بہتری آتی ہے۔

1 سروے کے مطابق لطف اندوز ہونے کے لیے کتابیں پڑھنے کا کیا فائدہ ہے؟
2 عبارت کے مطابق جو لوگ فارغ وقت میں کتابیں پڑھتے ہیں اس سے ان کی تعلیم پر کیا اثر پڑتا ہے؟
3 آپ کون سی زبان میں کتابیں پڑھنا پسند کرتے ہیں اور کیوں؟ تفصیل سے بتائیے۔
4 کیا تعلیم کے لیے کمپیوٹر زیادہ مفید ہے یا کتابیں اور کیوں؟ تفصیل سے بتائیے۔

GCE URDU AS
UNIT 1

TOPIC AREA: EDUCATION & EMPLOYMENT

STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)

CARD 2A

# یونیورسٹی میں داخلہ حاصل کرنے کا نیا طریقہ



پچھلے چند سالوں سے یونیورسٹی میں داخلہ لینے والے طلبا میں اے لیول کے ساتھ ساتھ لمبے اور مشکل قسم کے مضمون لکھنے کا رواج عام ہوگیا ہے۔ ان طلبا کو یہ امید ہوتی ہے کہ اچھے مضمون لکھنے کی وجہ سے وہ یونیورسٹی کی انتظامیہ پر اچھا اثر ڈال سکیں گے اور انہیں داخلہ ملنے میں بھی زیادہ آسانی ہوجائے گی۔ پچھلے سال تقریباً چالیس ہزار طلبا نے ایسے طویل اور مشکل مضامین اپنے داخلہ فارم کے ساتھ پیش کیے تھے۔ اب یہ تعداد پہلے کے مقابلے میں کئی گنا بڑھ گئی ہے ۔

1 عبارت کے مطابق یونیورسٹی میں داخلہ لینے کے لیے طلبا کیا کرتے ہیں؟

2 عبارت کے مطابق طلبا کو کس بات کی امید ہوتی ہے؟

3 کیا آپ کے خیال میں زندگی میں کامیاب ہونے کے لیے یونیورسٹی کی تعلیم ضروری ہے ؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 کیا یونیورسٹی میں پڑھنے کے لیے گھر سے دور دوسرے شہروں میں جانا چاہیے یا نہیں اور کیوں؟

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: EDUCATION & EMPLOYMENT**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2B**

# یونیورسٹی میں داخلہ حاصل کرنے کا نیا طریقہ



پچھلے چند سالوں سے یونیورسٹی میں داخلہ لینے والے طلبا میں اے لیول کے ساتھ ساتھ لمبے اور مشکل قسم کے مضمون لکھنے کا رواج عام ہوگیا ہے۔ ان طلبا کو یہ امید ہوتی ہے کہ اچھے مضمون لکھنے کی وجہ سے وہ یونیورسٹی کی انتظامیہ پر اچھا اثر ڈال سکیں گے اور انہیں داخلہ ملنے میں بھی زیادہ آسانی ہوجائے گی۔ پچھلے سال تقریباً چالیس ہزار طلبا نے ایسے طویل اور مشکل مضامین اپنے داخلہ فارم کے ساتھ پیش کیے تھے۔ اب یہ تعداد پہلے کے مقابلے میں کئی گنا بڑھ گئی ہے۔

1 عبارت کے مطابق یونیورسٹی میں داخلہ لینے کے لیے طلبا کیا کرتے ہیں؟
2 عبارت کے مطابق طلبا کو کس بات کی امید ہوتی ہے؟
3 تعلیم کے علاوہ اور کونسی باتیں کامیاب ہونے میں مدد کرتی ہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔
4 آپ کے خیال میں یونیورسٹی جانے سے پہلے ایک سال کا وقفہ کرنا چاہیے یا نہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔

**BLANK PAGE**

Images used within this paper and the accompanying candidate cards may be from
http://www.gettyimages.co.uk/